01/03/2026

09.25/AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیر الزماں

صورتحال

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنائی امریکہ اور اسرائیل کے فضائی حملوں میں مارے گئے ہیں۔

ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوننے کہا کہ اسطرح کی بمباری ایک ہفتہ یااس سے بھی زیادہ وقت تک جا ری رہیں گے۔

اس دوران ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے بھی آیت اللہ خامنائی کے جان بحق ہونے کی تصدیق کی ہے۔ خبروں کے مطابق ان حملوں میں40 عہدیدار سمیت قریب201 افراد جان بحق اور700سے زیادہ زخمی ہو گئے ہیں۔

اس طرح کے حالات سے مشرقِ وسطیٰ اور مغربی ایشیاءمیں زبردست کشید گی پیدا ہو گئی ہے۔

رانجی ٹرافی

جمونو کشمیر نے پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کا فائنل میچ جیت کرجموں کشمیر کی کرکٹنگ تاریخ میں ایک نیا باب درج کیا ہے ۔ ہبلی کرکناٹک میں کھیلے گئے اس میچ میں جموں کشمیر کی ٹیم کو کرناٹک کے خلاف پہلی اننگز میں 291 رن کی لیڈ لینے کی بنا پر فاتح قرار دیا گیا ہے ۔

Shubham Pundir کو اس میچ میں بہترین کارکردگی دکھانے کے لئے مین آف دی میچ جبکہ عاقب نبی ڈار کو Man of The Series قرار دیا گیا ۔ عاقب نے ٹورنامنٹ کے دس میچوں میں 60 وکٹیں حاصل کیں ۔

ملک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ساتھ جمونو کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ سمیت متعدد اہم شخصیات نے ٹیم جمونو کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

ایل جی

ادھرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آپسی بھائی چارے اور سماجی ہم آہنگی کے اقدار کو تقویت بخشنے میں نوجوانوں کا رول کو اجا گر کیا ہے ۔

جموں میں آل جے اینڈ کے سکھ کوآرڈنیشن کمیٹی کی طرف سے منعقد کئے جا رہے سکھ کرکٹ پریمئیر لیگ کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے نوجوان مختلف کھیلوں میں اعلیٰ ہنروں کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔

ایل جی نے اس طرح کا ٹورنامنٹ منعقد کرانے کے لئے آل جے اینڈ کے سکھ کوآرڈنیشن کمیٹی کی ستائش کی ۔

کتاب

اسی دوران ریٹائرڈ کمانڈر دلبیر سنگھ سوڈھی کی لکھی تصانیف لیفٹنٹ گورنر کو پیش کی گئیں۔ کتابوں کا ٹائٹل

"Kashmir Divine Contect and Sikh Rule" اور"Women of Substantial Character"-ہیں

HPVسکینہ

وزیر اعظم نریندر مو دی نے راجستھان کے اجمیر سے 14سال تک کی عمر کی لڑکیوں کےلئے ویکیسن کا ری مہم شروعات کی۔ HPVوائرس یعنیHuman Papillomaقومی سطح کی

اِدھر صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ڈسٹرکٹ اسپتال کولگام سے وزیر اعظم کی جانب سے اجمیر سے شروع کی گئی مہم میں ورچول طریقے سے شرکت کر کے پورے جموں کشمیر کے لئے HPV ٹیکہ کاری مہم کا آغاز کیا ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے وزیرموصوفہ نے کہا جمونو کشمیر کی تمام اہل ایک لاکھ 35 ہزار لڑکیوں کو ٹیکہ کاری کے دائرے میں لا نے کےلئے موثر اقدامات کئے جائیں گے۔

کل پہلے روز مہم کے تحت جمونو کشمیر میں850اہل لڑکیوں کو یہ ٹیکے لگائے گئے۔

DGP

پولیس سربراہ نلین پربھات نے ٹاون ہال ٹنگمرگ میں سینئر پولیس افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کرکے ضلع بارہمولہ کی سلامتی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔

DGP نے پولیس کے تمام افسروں کو دہشت پسندوں اور ان کے معاون نیٹ ورکروں کے خلاف سخت ترین اپروچ اپنانے کی ہدایت دی۔

کشمیر و ی کے بردی اور دیگر سینئر IGPگیلانی، SJMمیٹنگ میں سپیشل ڈی جی پی کارڈنیشن افسران بھی موجود تھے۔

اسی دوانDGP۔نے پولیس سٹیشن گلمرگ میں3نئی عمارتوں کا بھی افتتاح کیا

صدقہ فطر

جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے ایک پریس بیان میں کہا ہے کہ اس سال صدقہ فطر فی کس 80 روپے مقرر کیا گیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ۷ ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا .

خدا حافظ

....

....

....